© rasailojaraid.com

# تعارف و تبصرہ

مدیر کے قلم سے

## قرآن معجزہ جاوداں

تصنیف ڈاکٹر احمد دیدات

اردو ترجمہ عنایت اللہ

ناشر محمد اسلم عظیم منصور پوری

صفحات ۱۲۴

ملنے کا پتہ "الکتاب والسنۃ" لائبریری چونیاں ضلع قصور

جناب ڈاکٹر احمد دیدات مسیحیت کے موضوع پر عالمی شہرت کے حامل محقق اور مناظر ہیں۔ انہوں نے نامور عیسائی علماء کے ساتھ مناظروں میں اسلام کی حقانیت اور بائبل کے محرف ہونے پر ناقابل تردید دلائل و شواہد پیش کر کے اہل علم سے خراجِ تحسین وصول کیا ہے اور ان موضوعات پر متعدد کتابیں بھی تصنیف کی ہیں۔

زیر نظر کتابچہ میں ڈاکٹر احمد دیدات نے قرآن کریم کے معجزہ ہونے پر ریاضی کے حوالے سے بحث کی ہے اور اعداد و شمار کے فارمولوں کے ذریعہ قرآن کریم کے اعجاز کے ایک نئے پہلو کو متعارف کرانے کی کوشش کی ہے۔

قرآن کریم بلاشبہ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سب سے بڑا اور معجزہ ہے اور اس کے اعجاز کے متنوع پہلوؤں پر بحث و تمحیص کا سلسلہ اہل علم کے ہاں صدیوں سے جاری ہے اور اعداد و شمار کے حوالے سے یہ کوشش بھی اسی علمی بحث کا ایک حصہ ہے لیکن "الشریعہ"

محترم جناب پروفیسر غلام رسول عدیم کے مفصل مضمون کے ذریعہ ہم یہ بات واضح کر چکے ہیں کہ قرآن کریم کے "عددی اعجاز" کی یہ بحث بوجوہ محلِ نظر اور پُر از خطر ہے بالخصوص اس کا یہ پہلو بطورِ خاص قابلِ توجہ ہے کہ ۱۹ کے عدد کے حوالہ سے قرآن کریم کے "عددی اعجاز" کی یہ بحث امریکہ کے ڈاکٹر رشاد خلیفہ نے شروع کی ہے جس کا محترم ڈاکٹر احمد دیدات نے زیر نظر رسالہ میں جا بجا حوالہ دیا ہے اور قارئین کو ڈاکٹر رشاد خلیفہ کے مضامین کے مطالعہ کا مشورہ بھی دیا ہے جبکہ ڈاکٹر رشاد خلیفہ کا اپنا حال یہ ہے کہ اس نے ۱۹ کے اسی عددی فارمولا کی بنیاد پر نہ صرف احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو غلط قرار دے کر معاذ اللہ انہیں ناقابلِ اعتبار ٹھہرایا ہے بلکہ قرآن کریم کی بعض آیات کو بھی الحاقی قرار دینے کی جسارت کر ڈالی ہے پھر اسی پر بس نہیں بلکہ ڈاکٹر رشاد خلیفہ نے خود رسول ہونے کا دعویٰ کیا اور سالِ رواں کے آغاز میں قتل ہو گیا۔ اس پس منظر میں ہمارے نزدیک قرآن کریم کے "عددی اعجاز" کی یہ بحث خطرات سے خالی نہیں ہے اور ہماری معلومات کے مطابق خود ڈاکٹر احمد دیدات بھی اس سے رجوع کر چکے ہیں۔ اس لیے جو ادارے یا حضرات اس قسم کے مضامین شائع کر رہے ہیں ان کے دینی جذبہ کا اعتراف اور احترام کرنے کے باوجود ہم انہیں مخلصانہ مشورہ دیں گے کہ وہ "عددی اعجاز" کے خوشنما کیپسول میں بند قرآنی آیات اور احادیثِ نبویؐ کے انکار کے اس زہر کو مزید پھیلانے سے گریز کریں۔ امید ہے کہ متعلقہ حضرات اور ادارے ہماری اس گزارش پر سنجیدگی کے ساتھ غور فرمائیں گے۔

## شمالی علاقوں کی آئینی حیثیت اور مسئلہ کشمیر

منجانب تنظیم تحفظ آئینی حقوق شمالی علاقہ جات



© rasailojaraid.com